# اطلاع برائے اجلاس

**بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ ("کمپنی") کا 49واں سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعہ 24 اکتوبر 2025ء کو صبح 11:00 بجے بمقام گرینڈ بال روم، پرل کانٹی نینٹل ہوٹل، کراچی میں اور بذریعہ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کاروباری امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا:**

## عمومی امور:

1. 48ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ بروز جمعرات 24 اکتوبر 2024ء کے منٹس کی تصدیق کرنا۔
2. 30 جون 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے غیر مجموعی اور مجموعی آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ برائے شیئر ہولڈرز کی وصولی، ان پر غور وخوض اور ان کو منظور کرنا۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء (''ایکٹ'') کی دفعہ 223 (6 اور 7) کے تحت اور S.R.O. 389(I)/2023 بتاریخ 21 مارچ 2023ء کے مطابق آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں، جنہیں ذیل میں دیے گئے لنک اور/ یا QR کوڈ کے ذریعے حاصل کیا جاسکتا ہے:

   www.psopk.com/en/investors/financial
3. 30 جون 2026ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی بطور کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز تقرری کی معلومات کمپنی کے ارکان کے سامنے پیش کرنا۔
4. بورڈ آف مینجمنٹ کی سفارشات کے مطابق 30 جون 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے حتمی ڈیویڈنڈ بحساب -/10 روپے فی شیئر یعنی 100% کی ادائیگی کی منظوری دینا۔

بحکم بورڈ

یکم اکتوبر 2025ء
کراچی

عنبرین علی
کمپنی سیکریٹری

نوٹس:

### 1. کمپنی کی شیئرز ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کی شیئر ز ٹرانسفر بکس مورخہ 17 اکتوبر 2025ء تا 24 اکتوبر 2025ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ تاہم کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B، SMCHS، مین شاہراہ فیصل، کراچی پر مورخہ 16 اکتوبر 2025ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک وصول ہونے والے درست ٹرانسفرز سالانہ اجلاس عام (AGM) میں شرکت کے لیے بروقت تصور ہوں گے۔

### 2. سالانہ اجلاسِ عام میں ذاتی طور پر یا ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے شرکت

الف) کوئی رکن جو اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کا حق دار ہے، وہ اپنی جگہ کسی دوسرے رکن کو شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کے لیے پراکسی مقرر کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔ پراکسی فارم PSO کی ویب سائٹ www.psopk.com پر دستیاب ہے۔

ب) پراکسی مقرر کرنے والی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا کوئی اور اختیار نامہ جس پر اس تقرر کے لیے دستخط ہوں یا پاور آف اٹارنی کی نوٹرائزڈ/ تصدیق شدہ کاپی کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر PSO ہاؤس، خیابانِ اقبال، کلفٹن، کراچی میں سالانہ اجلاس عام شروع ہونے کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے جمع کروانا لازمی ہے یعنی بروز بدھ 22 اکتوبر 2025ء صبح 11:00 بجے تک یہ دستاویز جمع کرادی جائیں۔

ج) کمپنی اپنے شیئر ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی طرف سے جاری کردہ سرکلرز کے تحت بذریعہ ویڈیو لنک شمولیت کی سہولت بھی فراہم کرتی ہے۔ وہ اراکین/ پراکسی جو ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کے خواہاں ہوں، ان سے درخواست ہے کہ وہ سالانہ اجلاس عام کے وقت سے کم از کم دو (2) دن قبل یعنی بدھ 22 اکتوبر 2025ء کو صبح 11:00 بجے تک خود کو کمپنی کے پاس رجسٹر کروالیں۔ رجسٹریشن کے لیے اپنی ای میل میں موضوع درج کریں ''Registration for PSO AGM'' اور اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی ایک اسکین شدہ کاپی کے ہمراہ مندرجہ ذیل ای میل ایڈریس پر ارسال کریں:

info.shares@psopk.com

شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ درج ذیل معلومات فراہم کریں:

| فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | کمپنی | شیئر ہولڈر کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | موبائل نمبر | ای میل پتہ |
|---|---|---|---|---|---|
| | پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ | | | | |

سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے میٹنگ لنک ارکان کو ان کے فراہم کردہ ای میل پتوں پر بھیج دیا جائے گا۔ لاگ اِن کی سہولت اجلاس کے وقت سے تیس (30) منٹ پہلے کھول دی جائے گی تاکہ شرکا شناختی عمل مکمل ہونے کے بعد اجلاس میں شامل ہوسکیں۔ شیئر ہولڈرز تمام مطلوبہ کارروائیاں مکمل کرنے کے بعد سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی میں لاگ اِن کر کے شرکت کرسکیں گے۔

### 3. CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے رہنما ہدایات

CDC اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ SECP کی درج ذیل رہنما ہدایات وضوابط کی تعمیل کریں:

#### الف) اجلاس میں شرکت کے لیے:

i. انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور رجسٹریشن کی تفصیلات CDC ضوابط کے مطابق درج ہوں کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کر کے اپنی شناخت کی تصدیق کروانی ہوگی۔

ii. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، نامزد نمائندے کے دستخط کے نمونے کیساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کرنا ہوگی (الّا یہ کہ یہ دستاویزات پہلے ہی فراہم کی جاچکی ہوں)

#### ب) پراکسیز کے تقرر کے لیے:

i) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC ضوابط کے مطابق درج ہوں، ان کو شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

ii) پراکسی فارم پر دو افراد کے دستخط بطور گواہ ہونا ضروری ہیں، جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر فارم پر درج ہونے چاہئیں۔

iii) بینیفیشل اونرز اور مقرر کردہ پراکسی کے (CNIC) یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرائی جائیں۔

iv) پراکسی کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کارآمد (CNIC) یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، نامزد نمائندے کے دستخط کے نمونے کیساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی پراکسی فارم کے ساتھ اجلاس میں جمع کرانا ہوں گے (الّا یہ کہ یہ دستاویزات پہلے ہی فراہم کی جاچکی ہوں)۔

### 4. پتے میں تبدیلی کی اطلاع

جن ارکان کے پاس فزیکل صورت میں شیئرز موجود ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔ جبکہ وہ شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز الیکٹرونک صورت میں ہیں وہ اپنے بروکر/ شریک یا CDC انویسٹرا کاؤنٹس سروسز کے پاس اپنے پتے اپ ڈیٹ کروالیں۔

### 5. NTN/CNIC کاپی جمع کرانا (لازمی)

وہ انفرادی اراکین جنہوں نے ابھی تک اپنے کارآمد (CNIC) کی فوٹو کاپی کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار کو جمع نہیں کرائی، ان سے ایک بار پھر درخواست ہے کہ وہ یہ دستاویز جلد از جلد براہِ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پتے پر ارسال کریں۔ کارپوریٹ اداروں سے گزارش ہے کہ وہ اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کی تفصیلات فراہم کریں۔ ہر صورت میں، شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ اپنے متعلقہ فولیو نمبر کو CNIC / NTN کی کاپی کے ساتھ واضح طور پر درج کریں۔

### 6. ای میل/ موبائل نمبر کی تجدید

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 119 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024ء کے ضابطہ 47 کی تعمیل میں، تمام شیئر ہولڈرز (خواہ وہ شیئرز کی ملکیت کاغذی صورت میں رکھتے ہوں یا بُک اینٹری فارم میں) سے گزارش ہے کہ وہ اپنا درست ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر، اپنے متعلقہ فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر (جیسے قابلِ اطلاق ہو) کے ساتھ اور اپنے کارآمد CNIC کی کاپی مندرجہ ذیل کے مطابق فراہم کریں:

- فزکل شیئرز رکھنے کی صورت میں: کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو۔
- بُک اینٹری فارم (CDC) کی صورت میں: متعلقہ شیئر ہولڈر کے بروکر/ شریک/ CDC انویسٹرا کاؤنٹس سروسز کو۔

### 7. ڈیویڈنڈ کی الیکٹرونک طریقے سے ادائیگی (لازمی)

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز، 2017ء کے ضابطہ نمبر 4 کی دفعات کے تحت، لسٹڈ کمپنیوں کے لیے یہ لازمی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف الیکٹرانک ذرائع سے براہِ راست اہل شیئر ہولڈرز کے متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں کریں۔

فزکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں، شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ ڈیویڈنڈ براہِ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں وصول کرنے کے لیے کمپنی کی ویب سائٹ www.psopk.com پر دستیاب "E-Dividend Mandate Form" پُر کریں اور اپنے CNIC کی کاپی کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کرائیں۔

شیئرز کے سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) میں موجود ہونے کی صورت میں درست طور پر پُر کیے ہوئے "E-Dividend Mandate Form" شیئر ہولڈرز کے بروکر/ شریک/ CDC انویسٹرا کاؤنٹس سروسز کے پاس براہِ راست جمع کرائے جائیں۔

نوٹ کیجیے کہ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 243 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز، 2017ء کے ضابطہ 6 کی رو سے لسٹڈ کمپنی شیئر ہولڈرز کی جانب سے ضروری معلومات فراہم نہ کرنے کی صورت میں ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے کی حق دار ہے۔

### 8. ڈیویڈنڈ کی آمدنی پر ود ہولڈنگ ٹیکس

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے تحت ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح حسبِ ذیل ہے:

| | | |
|---|---|---|
| الف) | فعال ٹیکس گزار کی فہرست (ATL) میں شامل افراد کے لیے ٹیکس کٹوتی بحساب | 15% |
| ب) | فعال ٹیکس گزار کی فہرست (ATL) میں موجود نہ ہونے والے افراد کے لیے ٹیکس کٹوتی بحساب | 30% |

اس سلسلے میں تمام شیئر ہولڈرز جو جوائنٹ شیئرز کے حامل ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ اصل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر (ز) کے شیئر تناسب کی تفصیل تحریری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل طریقے کے مطابق فراہم کریں۔

| فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی کل تعداد | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |

نوٹ: شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ مطلوبہ معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمعرات 16 اکتوبر 2025ء تک درج کروادیں، بصورتِ دیگر یہ سمجھا جائے گا کہ اصل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر (ز) کے پاس موجود شیئر کی تعداد یکساں ہیں۔

شیئر ہولڈرز 30 فیصد کی بجائے 15 فیصد ٹیکس کی کٹوتی سے فائدہ اٹھانے کے لیے یہ یقینی بنائیں کہ ان کے فائلر ہونے کی حیثیت FBR کی ویب سائٹ www.fbr.gov.pk پر دستیاب ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) میں شامل ہے۔ اس کے علاوہ فزکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں ان کا CNIC/ پاسپورٹ (افراد کے لیے) یا NTN (کارپوریٹس کے لیے) ان کے متعلقہ بروکر/ شریک/ انویسٹرا کاؤنٹ سروسز کے پاس یا انفرادی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس باقاعدہ درج ہوں۔

ڈیویڈنڈ کی آمدنی پر ود ہولڈنگ ٹیکس سے استثنا کی اجازت صرف اسی صورت میں دی جائے گی جب ٹیکس سے استثنا کے سرٹیفکیٹ کی کارآمد کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمعرات 16 اکتوبر 2025ء تک موجود ہوگی۔

### 9. سالانہ رپورٹ اور سالانہ اجلاسِ عام (AGM) کے نوٹس کی برقی ترویج

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 223(6) اور S.R.O. 389(I)/2023 بتاریخ 21 مارچ 2023ء کے تحت، کمپنی نے سالانہ رپورٹ 2025ء ویب لنک، QR کوڈ اور بذریعہ ای میل اُن ارکان کو ارسال کردی ہے جن کے ای میل پتے کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ریکارڈ پر موجود ہیں۔

تاہم، ایسی صورتوں میں جہاں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس ای میل ایڈریس موجود نہیں ہیں، سالانہ رپورٹ 2025ء کی طبع شدہ (پرنٹڈ) نقل کے ساتھ سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کی طبع شدہ (پرنٹڈ) نقول ارسال کردی گئی ہیں، ان نوٹس میں QR کوڈ اور ویب لنک ایڈریس موجود ہے جن کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالی بیانات کو دیکھا اور ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

مندرجہ بالا کے باوجود، کمپنی کسی بھی رکن کو اس کی درخواست وصول ہونے پر سالانہ رپورٹ 2025ء کی طبع شدہ نقول اُس کے رجسٹرڈ پتے پر بلا معاوضہ ایک (1) ہفتے کے اندر فراہم کرے گی۔ وہ اراکین جو سالانہ رپورٹ 2025ء کی طبع شدہ نقول حاصل کرنا چاہتے ہیں، کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود "Standard Request Form" کے ذریعے اپنی درخواست بھیج سکتے ہیں۔

### 10. فزکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 72(2) کے تحت، تمام لسٹڈ کمپنیز کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے فزکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے لیٹر مجریہ 26 مارچ 2021ء کے ذریعے تمام لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے ایسے شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز ابھی تک فزکل صورت میں رکھے ہوئے ہیں انہیں الیکٹرانک (Scripless) شکل میں منتقل کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کریں۔ لہٰذا ایسے شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ساتھ اپنا سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کھولیں یا پھر CDC کے ساتھ براہ راست اپنا انویسٹرا کاؤنٹ کھولیں تاکہ فزکل شیئرز الیکٹرانک فارم میں تبدیل ہو جائیں۔ اس طرح شیئرز کی محفوظ تحویل اور خرید وفروخت میں سہولت یقینی بنائی جاسکتی ہے، کیونکہ فزکل شیئرز PSX پر قابلِ تجارت نہیں ہیں۔

### 11. تحائف کی ممانعت

SECP نے اپنے سرکلر نمبر 2 برائے 2018ء بتاریخ 9 فروری 2018ء اور S.R.O. 452(I)/2025 بتاریخ 17 مارچ 2025ء کے ذریعے کمپنیز کی جانب سے اجلاسِ عام کے دوران تحائف تقسیم کرنے پر سختی سے پابندی عائد کی ہے۔